دیکھ بھال اور موقع فراہم کرنے کا منصوبہ

اونٹیریو کا معاشی اور مالی محور

صوبہ بھر کے لوگوں اورکاروباری اداروں کی کاوشوں سے باوجود غیر یقینی اورمشکل بین الاقوامی ماحول کے اونٹیریو کی معیشت ۲۰۱۷ میں مضبوط رہی۔ مضبوط معاشی ترقی اور صحتمند مالی انتظام، اونٹیریو کے۲۰۱۷ اور ۲۰۱۸ کے بجٹ کو متوازن رکھنے اور متوقع ۶۰۰ ملین ڈالرز زائد ہونے کے عہد پر پورا اترنے کا ذریعہ بنا۔ ۲۰۱۸/۱۹ کے آغاز میں، صوبے کو جی ڈی پی کے ایک فیصد سے کم کا معمولی سا خسارہ متوقع ہے اورصوبہ بحالی کے منصوبے پر کاربند ہے جو عوامی خدمات کے ساتھ مالی ذمہ داری کے لیے اہم سرمایہ کاری کے توازن کو قائم رکھتا ہے. ۲۰۲۴-۲۵ میں ایک متوازن میزانیہ کی توقع کے ساتھ ۔

ملازمتوں میں اضافے

معاشی تنزلی سے لے کر اب تک ۸۰۰،۰۰۰ سے زیادہ نئی ملازمتیں اور پچھلے ۱۷ سالوں سے کم ترین بے روزگاری۔ پچھلے سال اوسطا" ۵۰۰ نئی ملازمتیں ہر دن پیدا کی گئیں۔

متوازن میزانیہ

۲۰۱۷/۱۸ میں ۶۰۰ ملین ڈالرز سے زیادہ کی فاضل کی پیشگوئی، پچھلے نو سالوں سے اونٹیریو کے مالی ہدف کو شکست دےرہا ہے

ٹھوس معاشی کارکردگی

۲۰۱۴ سے اصلی جی ڈی پی کینیڈا اور تمام جی ۷ کے ممالک سےنسبتا" تیزی سے بڑھ رہی ہے۔

اونٹیریو کا مالی خاکہ

اونٹیریو ہے:

- تین سالوں میں خفظان_صحت ، گھریلودیکھ بھال ، دماغی صحت ، بچوں کی دیکھ بھال اور اس دیکھ بھال اور خدمات جن پر لوگوں کا انحصار ہے ان کی دستیابی کے لیے ۳.۲۰ بلین ڈالرز کی نئی سرمایہ کاریاں کرنا
- ایسی سرمایہ کاری کرنےسے، جو ۲۰۱۸-۱۹ میں ۶.۷ بلین ڈالروں کےمتوقع خساروں، ۲۰۱۹-۲۰ مین ۶.۶ بلین اور ۲۰۲۰/۲۱ میں ۶.۵ ملین،۲۰۲۴-۲۵ میں ایک متوازن بجٹ کی واپسی کے منصوبے سے، صوبے کے ذمہ دارانہ مالی انتظام کے یادگاری ریکارڈ کو بر قرار رکھتے ہوۓ ہے ۔
- ۲۰۱۷-۱۸ میں فی کس سب سے کم تر پروگراموں پر خرچ کرنے والے صوبے کے بطور برقرار رہنے کی توقع۔
- متواتر جاری معاشی ترقی کی پیشگوئی سے متحرک، ۲۰۱۸-۱۹ میں مکمل آمدن ۱۵۲.۵ بلین ڈالروں سے بڑھکر ۲۰۲۰-۲۱. میں ۱۶۳.۸ بلین،
- مضبوط اور انتہائی ضروری عوامی خدمات کے صوبائی پروگرام پر اٹھنے والے اخراجات ۲۰۱۸/۱۹ سے ۲۰۲۰/۲۱ کے درمیان ۱۴۵.۹ بلین ڈالروں سے بڑھ کر ۱۵۵.۸ بلین تک متوقع ہیں۔

- پروگرام پہنچانے اور موجودہ وسائل کےدوبارہ تعین کےذریعے تمام خدمات کا دوہرا پن کم کر کےہم آہنگی پیدا کرنا،صارفین کے لیے زیادہ کار آمد خدمات مہیا کرنے کے لیے جدید طریقہ کار اپنانا
- 2021 تک ۱.۹ فیصد اوسطا" کی حقیقی ترقی متوقع
- اونٹیریو کی معاشی ترقی میں برآمدات اور کاروباری سرمایہ کاری میں اہم حصہ ڈالنے والوں کی توقع ہونا۔

اونٹیریو کا قرضہ انتظام کے لیے لائحہ عمل

۲۰۰۰ کے ۱۵ فیصد کے مقابلتا" اب ہر آمدن والے قرضہ کے خرچ پر۸ فیصد سودہے۔

ذمہ دارانہ طور پر قرضے کا انتظام برقرار رکھنا، اونٹیریو کر رہا ہے:

- ۲۵ سالوں میں قرضہ سے آمدن تک کیے تناسب کے حوالے سے سب سے کم ترین سود کا حصول جسکی وجہ سے صوبہ آمدن کے ڈالر ان پروگراموں پر خرچ کرتا ہے جسکا اونٹیریو کے لوگ بلا واسطہ فائدہ حاصل کرتے ہیں۔
- ۳۰ بلین ڈالر کی مخصوص رقم کی سطح کو اوسطا" برقراررکھ کر، ابھی اور مستقبل میں صوبے کی مالی ذمہ داریوں سے عہدہ بر آ ء ہونے میں مدد کرنا۔
- سود کی کم شرح سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اور اونٹیریو بانڈز کی پرزور طلب کو برقرار رکھنے کے لیےایک طویل وسطی مدت کا قرضے کا پورٹ فولیو۔
- اونٹیریوگرین بانڈ پروگرام پر کار بند رہنا جو اونٹیریو کے قرض خواہی پروگرام کا ایک حصہ ہے اور ایک اہم ذریعہ جس سے صوبہ بھر میں اونٹیریو کے نقل و حرکت اور دیگر ماحولیاتی دوستانہ منصوبوں کے اخراجات اٹھانے میں مدد ملتی ہے -